DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 20-08-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔سیلاب وبارش متاثرین کیلئے 37ارب مختص 90لاکھ افراد کو فوری ریلیف دینگے، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔وزیراعلیٰ کا کھڈکوچہ کے نوجوان کو خراج تحسین 2-2لاکھ روپے انعام اور ملازمت دینے کا اعلان، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔ڈکی متاثرین سیلاب کی بحالی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، وفاقی وزیر | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امداد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، شازین بگٹی | مشرق ودیگراخبارات |
| 5۔ہم سب ایک، موجودہ بدامنی کی لہر ملک دشمن قوتوں کی سازش ہے، صوبائی مشیر داخلہ | جنگ نیوز ودیگراخبارات |
| 6۔متاثرین کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔علاقے کی تعمیروترقی میں صحافیوں کا کلیدی کردار ہے، صوبائی وزیر تعلیم | جنگ ودیگراخبارارت |
| 8۔بلوچستان میں بارشوں وسیلاب سے بہت زیادہ نقصان ہوا ہے، خلیل جارج | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔جدید علوم سے زراعت کو خودکفیل بنایا جاسکتا ہے، اسد بلوچ | سنچری ودیگراخبارات |
| 10۔کاریز حادثے میں قیمتی جانی نقصان انتہائی افسوسناک ہے، فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔عوام کو معیاری خدمات کی فراہمی بہتر طرز حکمرانی سے ہی ممکن ہے، چیف سیکرٹری | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔اضلاع میں تعلقات عامہ کے دفاتر کو اپنی عمارتیں فراہم کرنے کی کوشش جاری ہیں، اورنگزیب کاسی ڈی جی پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔مہنگائی نے عوام کا جینا محال کردیا حکمرانوں کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، مالک بلوچ | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کے ساتھ امدادی سرگرمیوں کو تیز کیا جائے، سردار یار محمد رند | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔شہری کو لاپتہ کرنا انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی، آئین سے متصادم ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔بالاچ خان کی قربانی معاشرے کیلئے باعث تقلید ہے، لشکری رئیسانی | سنچری ودیگراخبارات |
| 17۔میٹروپولیٹن کے ملازمین کو پنشن اور تنخواہ ادا کی جائے، بی این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 18۔بارشوں وسیلاب نے تباہی مچادی حکومت اور ادارے فوری اقدامات اُٹھائیں، پشتونخوامیپ | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

کوئٹہ جوائنٹ روڈ پر چوروں نے موٹر سائیکل چھیننے کی ناکام کوشش کی، قتل کے مقدمے میں نامزد دو ملزمان کو عمر قید اور جرمانے کی سزا۔

## عوامی مسائل

جامعہ بلوچستان جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام یوم سیاہ منایا گیا، بارشوں کے پانی سے ہنہ جھیل نہ بھرنے کا نوٹس لینے کا مطالبہ، صوبائی دارلحکومت میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچی لوڈرز کے خلاف کاروائی کا مطالبہ، جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت مکینوں کو مشکلات کا سامنا۔

مورخہ 20-08-2022

اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**وزیراعظم کا بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کیلئے خصوصی پیکج دینے کا فیصلہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کیلئے فوری طور پر خصوصی پیکج دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ متاثرین کی مکمل بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ مشترکہ سروے سب سے پہلے صوبے میں مکمل کیا جائے گا۔ وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں اس حوالے سے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی جبکہ وفاقی وزیر احسن اقبال نے یقین دلایا ہے کہ تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نو کے لئے فوری اقدامات اُٹھائے جائیں گے۔ بلوچستان میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال سنگین سے سنگین تر ہوتی جارہی ہے سیلابی ریلوں میں بہہ کر جاں بحق ہونے والوں کی تعداد بھی بڑھتی جارہی ہے جبکہ بارشوں کے جاری رہنے سے تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی بحالی اور از سرنو تعمیر کا کام بھی التواء کا شکار ہے وزیراعظم کی جانب سے بلوچستان کے متاثرہ علاقوں کے لئے فوری خصوصی پیکج کا اعلان قابل تعریف ہے اس پر ترجیحی بنیادوں پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔

اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان :سرمایہ کاری کے فروغ اور خود انحصاری کا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بارشوں کی تباہ کاریاں ،امدادوبحالی کے اقدامات**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**Magmatic Copper Gold porphyry the way forward**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

مضامین

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بارش کی تباہ کاریاں** " کے عنوان سے شیخ فرید کی رپورٹ شائع کی۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**Reforming higher education of Balochistan**" " کے عنوان سے **Syed Abdul Hadi** کی رپورٹ شائع کی۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 4

# گوادر سمیت صوبائی ہیڈکوارٹرز میں پاکستان حلال اتھارٹی کے دفاتر کی منظوری

وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ کی زیرِ صدارت بورڈ آف گورنرز کا اجلاس، این ٹی ایس کے ذریعے مختص صوبائی کوٹے پر بھرتی کے عمل کی بھی اجازت دیدی گئی

**پاکستان حلال اتھارٹی نے وفاقی وزیر کی ہدایت پر صارفین اور کمپنیوں سے فوری رابطے کے لئے ٹول فری نمبر کی سہولت بھی فراہم کردی**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ کی زیرِ صدارت وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے بورڈ آف گورنرز کا چوتھا اجلاس جمعہ کو یہاں ہوا۔ بورڈ آف گورنرز نے صوبائی ہیڈکوارٹرز کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ میں پاکستان حلال اتھارٹی (پی ایچ اے) کے علاقائی دفاتر کے قیام کی منظوری دی۔ بورڈ آف گورنرز نے ملک کی تمام بڑی بندرگاہوں کراچی پورٹ ٹرسٹ، پورٹ قاسم اتھارٹی اور گوادر پورٹ اتھارٹی بلوچستان میں بھی پاکستان حلال اتھارٹی کے دفاتر کھولنے کی بھی منظوری دی۔ وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی جانب

بقیہ نمبر60 صفحہ 7 پر

سے جاری بیان کے مطابق بورڈ آف گورنرز نے این ٹی ایس کے ذریعے مختص صوبائی کوٹہ پر بھرتی کے عمل کی بھی اجازت دی۔ وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ کی ہدایت پر پی ایچ اے نے صارفین اور کمپنیوں سے فوری رابطے کے لیے ٹول فری نمبر کی سہولت بھی دی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 8


## سی پیک کے تحت مزید پراجیکٹس جاری، 85 ہزار ملازمتیں پیدا کی ہیں، چینی سفیر

گوادر بندرگاہ کی تعمیر سے 4 ہزار ملازمتیں پیدا ہوئیں، 3800 پاکستانیوں نے حاصل کیں، سی پیک عوام کیلئے سماجی طور پر پائیدار اقدام ہے

300 میگاواٹ صلاحیت کے ونڈ پاور کے پانچ منصوبے مکمل ہو چکے، 300 میگاواٹ کا ایک اور شمسی توانائی کا منصوبہ بھی تکمیل کو پہنچ چکا، نونگ رونگ کا ویبنار سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رونگ نے کہا کہ چین اور پاکستان نے سبز توانائی میں تعاون کو فروغ دیا ہے، سی پیک کے تحت 300 میگاواٹ

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

300 کی کل صلاحیت کے ونڈ پاور کے پانچ منصوبے مکمل ہو چکے، 300

میگاواٹ کا ایک اور شمسی توانائی کا منصوبہ مکمل ہو چکا ہے، سی پیک کے تحت مزید گرین پراجیکٹس جاری ہیں۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق ایک ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے پاکستان میں اعلیٰ معیار کی سبز اور پائیدار ترقی میں اپنا کردار ادا کیا ہے اور یہ ملک میں پائیدار اور سبز ترقی کو فروغ دینے کے لیے اس طرح کے مزید تعاون پر زور دے گا۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق اپنے کلیدی خطاب میں پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رونگ نے کہا کہ چین اور پاکستان نے سبز توانائی میں تعاون کو فروغ دیا ہے۔ نونگ نے کہا کہ سی پیک کے تحت 300 میگاواٹ کی کل صلاحیت کے ساتھ ونڈ پاور کے پانچ منصوبے مکمل ہو چکے ہیں اور 300 میگاواٹ کا ایک اور شمسی توانائی کا منصوبہ مکمل ہو چکا ہے۔ نونگ رونگ نے انکشاف کیا کہ سی پیک کے تحت مزید گرین پراجیکٹس جاری ہیں

## سیکرٹری مواصلات کی ہر صورت رابطہ سڑکوں اور پلوں کی بحالی یقینی بنانے کی ہدایت

صوبے میں مون سون بارشوں کی شدت میں اضافے کا امکان، شدید سیلابی صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے، آفیسران عملہ اور مشینری کے ہمراہ ہمہ وقت تیار رہے

رابطے بحال نہیں ہونگے تو متاثرین کیلئے امدادی کارروائی میں مشکلات درپیش آئیں گی، محکمہ مواصلات دیگر اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور حصہ لیں، علی اکبر بلوچ

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان علی اکبر بلوچ نے صوبے میں جاری حالیہ مون سون بارشوں کی شدت میں اضافے کے باعث متعلقہ محکمے کے چیف آفیسرز اور تمام ضلعی انجینئر آفیسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق صوبے میں مون سون بارشوں کی شدت میں اضافے کا امکان ہے جسکی وجہ سے شدید سیلابی صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے لہذا

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تمام آفیسران اپنے عملے اور مشینری کے ساتھ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر محکمہ کی یہ اولین ترجیح ہونی چاہیے کہ ہر حال میں صوبے کے رابطہ سڑکوں اور پلوں کی بحالی کو یقینی بنایا

جائے کیونکہ تمام امدادی سرگرمیوں کا دارومدار انہی رابطہ سڑکوں پر ہے اگر یہ رابطہ سڑکیں اور پل بحال رہیں گے تو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں مشکلات درپیش نہیں ہونگے اور سیلاب زدگان کی مدد فوری ہو سکے گی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ متعلقہ محکمے کے تمام آفیسران ضلعی انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے ریسکیو آپریشن ٹیم کے ساتھ مل کر بھرپور انداز میں امدادی کارروائیوں میں حصہ لیں انہوں نے کہا کہ مشکل کی گھڑی میں محکمہ مواصلات و تعمیرات بھرپور انداز میں امدادی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے خدمت خلق کے جذبے سے سرشار محکمہ مواصلات و تعمیرات بحالی کے سرگرمیوں میں ہراول دستے کا کردار نبھا رہا ہے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران اور چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے یہ واضح ہدایات ہیں کہ صوبے میں جاری ہنگامی صورتحال کے پیش نظر ہر محکمہ بالخصوص محکمہ مواصلات و تعمیرات بھرپور انداز میں امدادی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کریں اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران بذات خود ہنگامی صورتحال میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں لہذا محکمہ مواصلات و تعمیرات سے منسلک ہر فرد امدادی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

## خوست واقعہ کیخلاف چھٹے روز بھی دھرنا، احتجاجی ریلی کا انعقاد

شہید خالقداد بابر کے لواحقین کو انصاف فراہم، واقعہ کی تحقیقات جوڈیشل کمیشن سے کرائی جائے، شرکاء کا مطالبہ

حکومت نے خوست واقعہ کا نوٹس نہ لیا تو احتجاج کا دائرہ ملک بھر میں وسیع کردیں گے، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں و دیگر افراد کا اظہار یکجہتی

ہرنائی (آئی این پی) ہرنائی کے علاقے کھوسٹ میں فائرنگ کے واقعہ کے خلاف 6 ویں روز بھی خوست کے مقام پر آل پارٹیز اور خوست عوام کی جانب سے احتجاجی دھرنا جاری ضلع ہرنائی کے علاوہ مختلف اضلاع سے لوگ خوست واقعہ میں شہید ہونے والے اے این پی کے کارکن خالقداد بابر شہید کی فاتحہ خوانی اور اظہار یکجہتی کیلئے خوست دھرنے میں شریک ہے اس کے علاوہ آل پارٹیز کی اپیل پر خوست

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

واقعہ کے خلاف شاہراگ میں احتجاجی ریلی نکالی گئی اور احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرے سے اے این پی کے ضلعی صدر ولی داد میانی، این ڈی ایم کے صوبائی صدر احمد جان خان، پی ٹی ایم کے وہاب کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے حکومت وقت سے خوست دھرنے کے مطالبات عمل کرنے اور شہید خالقداد بابر کے لواحقین کو انصاف فراہم کرنے اور واقعہ کی صاف و شفاف تحقیقات کرنے کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قائم کرنے کا مطالبہ کیا انہوں نے کہا کہ حکومت نے خوست کا نوٹس نہ لیا تو یہ احتجاج کا دائرہ ملک بھر تک وسیع کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 AUG 2022 Page No 12


## قتل کے مقدمے میں نامزد دو ملزمان کو عمر قید اور جرمانے کی سزا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج سریاب ون اورنگزیب گھمن نے قتل کے مقدمہ میں نامزد 2 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور پانچ پانچ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا، استغاثہ کے مطابق قتل کے مقدمے میں نامزد ملزمان عبدالجبار، ولی محمد اور آصف عرف پپو نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں 9 جولائی 2020ء کو خنجروں سے وار کر کے ایک شخص عزیز اللہ کو قتل کر دیا تھا جس پر پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے چالان عدالت میں پیش کیا تھا جس پر عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے مقدمہ میں نامزد دو ملزمان عبدالجبار اور ولی محمد کو عمر قید اور پانچ پانچ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا، جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزمان کو مزید چھ چھ ماہ قید کی سزا بھگتنا ہوگی عدالت نے مقدمہ میں نامزد تیسرے ملزم آصف عرف پپو جو بحراست زیر علاج ہے کے علاج معالجہ مکمل ہونے تک مقدمہ ہذا کو سرد خانے میں رکھنے کا حکم دیا۔ سرکار کی جانب سے مقدمے کی پیروی پراسیکیوٹر شہدادمری نے کی۔

## منشیات کے ملزم کو سزائے موت کا حکم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج ون سریاب اورنگ زیب گھمن نے منشیات برآمد ہونے کے مقدمہ میں نامزد ملزم عبدالقادر کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت اور دس لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا۔ استغاثہ کے مطابق مقدمہ میں نامزد ملزمان عبدالقادر اور عصمت اللہ کو پولیس تھانہ شالکوٹ نے ٹرک نمبر NAE-503 سے 5 سو 74 کلوگرام چرس اور 7 کلوگرام افیون برآمد کر کے گرفتار کیا تھا اور ملزمان کے خلاف چالان عدالت میں پیش کیا تھا عدالت نے عدم ثبوت کی بناء پر ایک ملزم عصمت اللہ کو بری کر دیا۔


AZADI QUETTA


## کوئٹہ جوائنٹ روڈ پر چوروں نے موٹر سائیکل چھیننے کی ناکام کوشش کی

### موٹر سائیکل سوار اپنی جان بچانے میں کامیاب ہو گیا، پولیس کا نام نشان تک نہیں تھا

کوئٹہ (صباح نیوز) کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ بے نظیر پل کے نیچے 3 مسلح چوروں نے ایک شخص سے موٹر سائیکل چھیننے کی ناکام کوشش۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کی روز 4 بجے کے قریب سرعام 3 مسلح افراد نے ایک شخص کو زد و کوب کرنے کی (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 7 پر)

کوشش کی اور ان سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش موٹر سائیکل سوار شخص پر پسٹل بھی تانے تھے جس سے موٹر سائیکل سوار اپنے جان بچانے میں کامیاب ہو گیا۔ موٹر سائیکل سوار شخص نے سرعام چوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دن دیہاڑے چور چوری کرنے نکلتے ہیں قانون نام کی کوئی چیز ہے نہیں پولیس کا نام نشان تک نہیں تھا انہوں نے کوئٹہ کے اعلیٰ پولیس افسران سے بذریعہ بیان اپیل کیا ہے کہ وہ چوری کے بڑھتے ہوئے وارداتوں پر قابو پالے تاکہ عوام کی جان و مال محفوظ رہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 3

# جامعہ بلوچستان جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام یوم سیاہ منایا گیا

## 19 روز گزرنے کے بعد بھی جامعہ بلوچستان کے تمام ملازمین کو مکمل تنخواہ اور ریٹائرڈ ملازمین کو پینشنز کی ادائیگی اب تک نہیں کی گئی، مقررین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جوائنٹ ایکشن کمیٹی یونیورسٹی آف بلوچستان کے زیر اہتمام یوم سیاہ منایا گیا، احتجاجی ریلی نکالی گئی، دھرنا بھی دیا گیا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز جوائنٹ ایکشن کمیٹی یونیورسٹی آف بلوچستان نے تنخواہوں کی عدم فراہمی کے خلاف گذشتہ روز جامعہ بلوچستان بشمول سب کیمپسز پشین، مستونگ اور خاران میں کامیاب یوم سیاہ منایا گیا، اس موقع پر ایک بہت بڑی احتجاجی ریلی آرٹس بلاک سے نکالی گئی جو جامعہ کے مختلف شعبہ جات سے ہوتی ہوئی وائس چانسلر سیکرٹریٹ کے سامنے پہنچ کر احتجاجی جلسے میں تبدیل ہوئی۔ اس احتجاجی ریلی میں سینکڑوں اساتذہ، آفیسرز اور ملازمین نے شرکت کی۔ مظاہرین نے مکمل تنخواہ کی بروقت ادائیگی، جامعہ بلوچستان کو درپیش مالی بحران کے مستقل حل، ایمپلائز اور آفیسرز کی گذشتہ پانچ سال سے پروموشن پر غیر قانونی آڈٹ پیرا کے خاتمے کے لئے زبردست نعرے بازی کی گئی۔ احتجاجی دھرنا ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی شاہ علی بگٹی کی صدارت میں ہوا۔ دھرنے سے حاجی شاہ علی بگٹی، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، فرید خان اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، گل جان کاکڑ، ڈاکٹر عابدہ بلوچ، حافظ عبدالقیوم شاہوانی، پروفیسر حنیف بازئی، ڈاکٹر برکت شاہ کاکڑ، پروفیسر فرحانہ عمر، عبدالرشید بلوچ سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ 19 روز گزرنے کے بعد بھی جامعہ بلوچستان کے تمام ملازمین کو مکمل تنخواہ اور ریٹائرڈ ملازمین کو پینشنز کی ادائیگی اب تک نہیں کی گئی جس سے وہ نان شبینہ سے محروم ہوگئے ہیں جبکہ پچھلے ماہ کی مکمل تنخواہ کی بھی اب تک ادائیگی نہیں کی گئی، لیکن وائس چانسلر، پرو وائس چانسلر، ٹریژرار اور رجسٹرار نے مجرمانہ خاموشی اختیار کی جبکہ صوبائی حکومت بھی غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے مقررین نے اعلان کیا کہ احتجاجی تحریک کے سلسلے میں پیر 22 اگست کو جامعہ بلوچستان میں احتجاجی مظاہرہ اور وائس چانسلر سیکریٹریٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جائے گا اور ایڈمن سمیت تمام دفاتر کی تالا بندی ہوگی اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن (ایکٹی) کے ایدھی چوک پر انکے جائز مطالبات اور تادم مرگ بھوک ہڑتال پر پچھلے 19 روز پر بیٹھے اساتذہ سے یکجہتی کے لئے دھرنا میں شامل ہونگے، جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام، آفیسرز اور ملازمین سے درخواست کی کہ وہ پیر دس بجے صبح آرٹس بلاک کے سامنے بڑی تعداد میں جمع ہوکر احتجاجی مظاہرے اور دھرنے میں بھرپور شرکت کریں۔

# بارشوں کے پانی سے ہنہ جھیل نہ بھرنے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

## پانی کا رخ تبدیل کرنے سے قریبی آبادی اور کوئٹہ کینٹ میں گھروں کو متاثر کررہا ہے، پشتون کانگریس

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) پشتون کانگریس بلوچستان کے چیئرمین ملک رحیم نے وزیر میر عبدالقدوس بزنجو سے اپیل کی ہے کہ ہنہ جھیل کو پانی کی فراہمی کے لئے غیر معیاری تعمیراتی کام کا نوٹس لیتے ہوئے کام کو روک کر بارشوں کا پانی جھیل میں نہ جانے میں ملوث عناصر اور محکمے کے افسران کے خلاف تحقیقات کرکے ڈیلے ایکشن ڈیم کے چینل کی صفائی کی جائے اور دوبارہ تعمیراتی کام مکمل کیا جائے تاکہ بارشوں اور سیلاب کا آنے والا پانی ضائع ہونے کے بجائے ہنہ جھیل میں جائے اور ہنہ اوڑک سمیت ملحقہ علاقوں میں زیر زمین گرتی ہوئی پانی کی سطح کو ری چارج کیا جاسکے ڈیلے ایکشن ڈیم سرپلی ہنہ اوڑک کے چینل کی صفائی کرکے نالے کی پختہ تعمیر کا ٹھیکہ دیا گیا لیکن ٹھیکیدار نے چینل اور نالے کی صفائی کئے بغیر اس کو پختہ کرنا شروع کردیا جس کی وجہ سے گزشتہ دنوں ہونے والی شدید طوفانی بارش اور سیلاب کا پانی ہنہ جھیل کی جانب کی بجائے پہاڑی علاقوں ندی نالوں میں بہتے ہوئے ضائع ہوگیا جبکہ یہ پانی کوئٹہ کینٹ میں داخل ہوکر گھروں کو بھی نقصان پہنچارہا ہے ان کا کہنا تھا کہ پہلے ہی ہنہ اوڑک میں زیر زمین پانی کی سطح نیچے گررہی ہے۔ جو قابل تشویش بات ہے۔

# صوبائی دارالحکومت میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچی لوڈرز کیخلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بڑی تعداد میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچی لوڈرز دندناتے پھر رہے ہیں جو ٹریفک مسائل کا بھی سبب بن رہے ہیں اور دوسری جانب انکے ڈرائیور اناڑی ہونے کی وجہ سے ٹریفک قوانین کی بھی شدید خلاف ورزی کی جارہی ہے اکثر شاہراہوں پر بھی لڑائی جھگڑے کے واقعات بھی بڑی تعداد میں ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ اس حوالے سے عوامی حلقوں نے حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر بھر میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچی لوڈرز کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں قانون کا پابند بنانے کیلئے بھی اقدامات کئے جائیں۔

# جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت، مکینوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت کے باعث ٹینکر مافیا کی چاندی ہوگئی اہل علاقہ نے بتایا کہ علاقے میں پانی کا بحران دن بدن سنگین ہوتا جارہا ہے بارہا متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ دوسری جانب ٹینکر مافیا نے موقع کا فائدہ اٹھا کے ہمارے زخموں میں اضافہ کردیا ہے انہوں نے کنٹونمنٹ بورڈ حکام سے اپیل کی کہ جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت دور کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں ورنہ مکین احتجاج پر مجبور ہونگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 14


## وزیراعظم کا بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کے لئے خصوصی پیکج دینے کا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں کے لئے فوری طور پر خصوصی پیکج دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ متاثرین کی مکمل بحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ مشترکہ سروے سب سے پہلے صوبے میں مکمل کیا جائے گا۔ وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں اس حوالے سے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی جبکہ وفاقی وزیر احسن اقبال نے یقین دلایا ہے کہ تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نو کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ بلوچستان میں طوفانی بارشوں اور سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال سنگین سے سنگین تر ہوتی جا رہی ہے سیلابی ریلوں میں بہہ کر جاں بحق ہونے والوں کی تعداد بھی بڑھتی جا رہی ہے جبکہ بارشوں کے جاری رہنے سے تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی بحالی اور از سر نو تعمیر کا کام بھی التواء کا شکار ہے وزیراعظم کی جانب سے بلوچستان کے متاثرہ علاقوں کے لئے فوری خصوصی پیکج کا اعلان قابل تعریف ہے اس پر ترجیحی بنیادوں پر عملدرآمد ہونا چاہیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 5


# بلوچستان: سرمایہ کاری کے فروغ اور خود انحصاری کا عزم

بلوچستان ان دنوں طوفانی بارشوں، سیلاب اور بادوباراں کے زد پر ہے جس کے باعث کوئٹہ سمیت اندرون صوبہ سینکڑوں افراد جاں بحق، ہزاروں زخمی اور لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں یہی نہیں زراعت و مالداری سے لے کر چھوٹی گھریلو صنعتوں اور مواصلات و تعمیرات سے لے کر صوبے کے مجموعی انفراسٹرکچر تک بھی کچھ متاثر ہوا ہے اور بظاہر یہی لگ رہا ہے کہ صوبے کو اس درپیش بحرانی کیفیت سے نکلنے میں کافی وقت لگ سکتا ہے تاہم یہ امر انتہائی مستحسن اور باعث اطمینان ہے کہ وفاق اور صوبہ ایک پیج پر رہتے ہوئے متاثرین کی امداد و بحالی، نقصانات کے ازالے اور معمولات زندگی کو پھر سے بحال کرنے کے لئے سنجیدگی سے کوشاں ہیں وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر متاثرہ اضلاع میں امداد و بحالی کی سرگرمیاں دن رات جاری ہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان تمام ضلعی افسران اور متعلقہ حکام متواتر متاثرہ علاقوں کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے حالات کو مانیٹر کررہے ہیں وفاقی حکومت نے ہنگامی بنیادوں پر سروے کی تکمیل اور دیگر اقدامات کی تاکید کی ہے خود وزیراعظم شہباز شریف فلڈ کوآرڈی نیشن کمیٹی اور دیگر اعلیٰ سطحی اجلاسوں کی صدارت کررہے ہیں انہوں نے صوبے کے متاثرہ علاقوں کے تفصیلی دورے بھی کئے ہیں اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ متاثرین کی بحالی تک وہ چین سے نہیں بیٹھیں گے ایک طرف جہاں صوبائی حکومت اور خود وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاق سے سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے ضمن میں معاونت اور مدد کی اپیل کی ہے وہاں دوسری جانب بلوچستان اسمبلی نے ایک قرارداد بھی گزشتہ ہفتے پاس کی ہے جس میں وفاق سے بلوچستان کے سیلاب متاثرہ آفت زدہ اضلاع کے لئے خصوصی ریلیف پیکج کی سفارش کی گئی ہے ہمیں امید ہے کہ جلد ہی متاثرین کی امداد و بحالی کے اہداف حاصل کر کے صوبے کے متاثرہ شعبوں کو پھر سے پیروں پر کھڑا کیا جائے گا۔ بلوچستان اگرچہ ایک غریب صوبہ ہے لیکن یہ وسائل اور مواقع کی حامل سرزمین ہے لیکن بدقسمتی سے سابقہ ادوار میں صوبے سے پسماندگی و غربت کے خاتمے یہاں کے لوگوں کی ترقی و خوشحالی اور صوبے کی معیشت و معاشرت کو خاطرخواہ توجہ نہیں ملی جس کا نتیجہ آج ہمارے سامنے ہے کہ بیش بہا معدنیات، قیمتی ذخائر اور طرح طرح کے وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان میں غربت و پسماندگی اور دیگر مسائل کا سامنا ہے ماضی میں جو ہوا سو ہوا اب بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے وفاق اور صوبہ ایک پیج پر رہتے ہوئے اقدامات اٹھا رہے ہیں موجودہ حکومت نے صوبے کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر ریکوڈک سے متعلق چلے آرہے دیرینہ تنازعے کا نہ صرف تصفیہ ممکن بنایا بلکہ نئے معاہدے میں بلوچستان کے جملہ مفادات اور حقوق کا مکمل دفاع کیا جس کی بدولت نہ صرف اب ریکوڈک سے صوبے کو خاطرخواہ آمدن کے امکانات روشن ہوئے ہیں بلکہ ایک سنگ میل بھی عبور کرلیا گیا ہے اور امید کی جارہی ہے کہ اب صوبے کے معدنی شعبے میں جو بھی نئے معاہدے ہوں گے اس میں صوبے کے حقوق، مفادات، شیئرز، سماجی ذمہ داریوں کا مکمل خیال رکھا جائے گا بلوچستان میں اگرچہ آج بھی مسائل کے مقابلے میں وسائل انتہائی محدود ہیں تاہم ذرا سی محنت، منصوبہ بندی اور دوٹوک اقدامات کی بدولت صوبے کی آمدن کو بھی بڑھایا جاسکتا ہے اور صوبے کے عوام کی معاشی معاشرتی ترقی کو بھی یقینی بنایا جاسکتا ہے اس مقصد کے لئے صوبائی حکومت جو اقدامات کررہی ہے اس کا اعتراف ہونا چاہئے ابھی گزشتہ روز وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کا جو اجلاس منعقد ہوا ہے اس میں انتہائی اہم امور کی منظوری دی گئی ہے اور وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر دوٹوک انداز میں صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور خود انحصاری کو یقینی بنانے کا عزم ظاہر کیا ہے اور کہا ہے کہ بلوچستان کو خود انحصاری کی راہ پر گامزن کیے بغیر ترقی کے اہداف حاصل نہیں ہوسکتے جس کے حصول کے لیے اپنے وسائل کی ترقی اور سرمایہ کاری کا فروغ ضروری ہے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ماضی میں خود انحصاری کے حصول کی جانب توجہ نہیں دی گئی لیکن ہم نے اپنی توجہ وسائل کی ترقی اور انہیں بلوچستان کی تعمیر و خوشحالی کے لئے بروئے کار لانے کی جانب مبذول کررکھی ہے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے حکومتی پالیسی کو مزید جامع بنایا جائے سرمایہ کاروں کو ہر قسم کی سہولیات اور ترغیبات دینے سے ان کا اعتماد پختہ ہوگا انہوں نے کہا کہ ریکوڈک معاہدہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے اور یہ منصوبہ دنیا کے سرمایہ کاروں کو بلوچستان کی جانب متوجہ کرے گا۔ اجلاس سے متعلق سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق موجودہ صوبائی حکومت نے سبقت لیتے ہوئے بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ منظور کیا ہے پی پی پی بورڈ میں اراکین کی کل تعداد بارہ ہے جس میں نجی شعبہ سے تین اراکین شامل ہیں اجلاس کو بتایا گیا کہ ابتدائی طور پر پی پی پی موڈ کے تحت پندرہ منصوبوں کو قابل عمل بنانے تجویز ہے جن میں گرین بس سروس کوئٹہ، گوادر میں ڈی سیلی نیشن پلانٹ، حب اسپیشل اکنامک زون کی ڈویلپمنٹ، حب میں سو میگا واٹ کا سولر پارک، بوستان اسپیشل اکنامک زون کی ڈویلپمنٹ، ساحلی پٹی پر سولر سالٹ ایکسپورٹ پراسیسنگ زون، حب اور خاران میں تکنیکی ٹریننگ مراکز کی فعالیت، ساحلی پٹی پر سیاحتی ریزورٹس کی ڈویلپمنٹ، چمن ماسٹر پلان کی منیجمنٹ اور آپریشن، اسلام آباد میں بلوچستان پلازہ کی ری ڈیزائننگ، کراچی میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے کمرشل اور رہائشی پلاٹس کی ڈویلپمنٹ سمیت دیگر اہم منصوبے شامل ہیں ان منصوبوں کے کثیرالجہت فوائد ہیں ایک تو مختلف شعبوں میں اصلاح اور جدت کو فروغ حاصل ہوگا ساتھ ہی ساتھ نہ صرف حکومت اور نجی شعبے کی شراکت داری بلکہ مجموعی طور پر صوبے میں سرمایہ کاری کا بھی فروغ ہوگا اصولی طور پر یہ سارے اقدامات بہت پہلے اٹھا لینے چاہئے تھے تاہم چونکہ ماضی کی حکومتوں نے اس جانب توجہ نہیں دی اب جا کر موجودہ حکومت نے اہمیت کے حامل اقدامات کا سلسلہ شروع کیا ہے تو یہ ایک انتہائی مستحسن اور قابل قدر کام ہے جس پر حکومت کی داد و تحسین ہونی چاہئے اس طرح صوبے میں سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا صوبے کی معیشت مستحکم اور معاشرت جدید خطوط پر استوار ہوگی اور ترقی و خوشحالی کے ثمرات عام عوام تک منتقل ہوں گے پس ہمیں امید ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے جس عزم کا اظہار کیا ہے اس کے عین مطابق صوبے کی معیشت و معاشرت کی ترقی و خوشحالی، سرمایہ کاری کے فروغ اور بلوچستان کی آمدن اور محصولات کو بڑھا کر خود انحصاری کے دیرینہ اہداف کے حصول کے لئے جاری اقدامات کا تسلسل مستقبل میں بھی برقرار رکھا جائے گا۔

## بارشوں کی تباہ کاریاں، امداد و بحالی کے اقدامات

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث نقصانات کا سلسلہ جاری ہے جمعرات اور جمعہ کو بھی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر وبیشتر اضلاع میں کہیں وقفے وقفے سے تو کہیں متواتر موسلادھار بارش ہوتی رہی جس سے ندی نالوں میں طغیانی کا سلسلہ بھی جاری رہا پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے گزشتہ روز کے جاری اعداد وشمار کے مطابق (گزشتہ روز تک) مون سون بارشوں کے نتیجے میں جان کی بازی ہارنے والوں کی تعداد دوسو کے ہندسے کو عبور کر چکی ہے، ڈی جی پی ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں سے اب تک بلوچستان میں 205 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، کوہلو اور نصیر آباد میں جمعرات کو بہت زیادہ نقصانات ہوئے ہیں کوئٹہ ژوب، پنجاب جانے والی ٹریفک بند ہے، کوئٹہ کراچی شاہراہ بھی ٹریفک کیلئے بند ہے، جس کیلئے پی ڈی ایم اے اقدامات اٹھارہی ہے، حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرین کو خوراک، ٹینٹ، ادویات، اور راشن پہنچادیا گیا ہے اب تک بلوچستان میں 16 ڈیموں کو نقصان پہنچا ہے اب تک ہزاروں کی تعداد میں مکانات منہدم، ہزاروں لوگ زخمی اور متاثرین کی تعداد لاکھ تک پہنچ چکی ہے کوئٹہ سمیت اندرون صوبہ ایک قسم کی ہنگامی کیفیت ہے اور نہ صرف قیمتی انسانی جانوں کے نقصانات بڑھ رہے ہیں بلکہ زراعت اور گلہ بانی سے لے کر مواصلات، تعمیرات غرض ہر شعبے میں نقصانات کا سلسلہ بھی بڑھتا چلا جارہا ہے یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے کہ بلوچستان میں طوفان بارشوں کے نتیجے میں نقصانات ہوئے ہوں اس سے قبل بھی متعدد بار ایسا ہوا ہے بالخصوص مون سون رینج میں آنے والے اضلاع میں طوفانی بارشوں اور سیلاب تقریباً ہر سال آتے رہے ہیں تاہم جہاں تک حالیہ بارشوں، سیلاب اور طوفانی بادو باراں کا تعلق ہے جولائی کے مہینے سے اس کا سلسلہ جاری ہے پہلے پری مون سون بارشوں نے صوبے کے متعدد اضلاع میں تباہی مچادی اور اس کے بعد مون سون بارشوں کا جو سلسلہ شروع ہوا ہے تو اب تک لگا تار بارشوں کا ایک کے بعد دوسرا اسپیل آتا ہے تباہی پھیر کے چلا جاتا ہے صوبے کے بہت سارے علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہو چکا ہے ابھی گزشتہ شب بھی ژوب اور ڈیرہ اسماعیل کے مابین قومی شاہراہ بند ہونے کے باعث سینکڑوں مسافر بے یارومددگار پھنس گئے تھے جنہیں ضلعی انتظامیہ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ریسکیو کرلیا صوبائی حکومت شروع دن سے محدود وسائل کے باوجود متاثرین کی مدد کر رہی ہے پی ڈی ایم نے

سے جامع اعداد وشمار جاری کئے جارہے ہیں مشکل کی ان گھڑیوں میں پاک فوج اور سیکورٹی اداروں نے حسب سابق بروقت ٹیمیں بھیج کر پھنسے ہوئے ہزاروں لوگوں کو ریسکیو کیا ان کے علاج معالجے کو یقینی بنایا اور انہیں خوراکی اشیاء بھی دیں اب وفاقی حکومت کی ہدایات پر صوبے کے تمام اضلاع کا سروے کیا جارہا ہے جلد ہی یہ سروے مکمل ہوگا تو حتمی اعداد وشمار سامنے آئیں گے کہ کس ضلع میں کس قدر نقصانات ہوئے ان کا تخمینہ کیا ہے معمولات زندگی کی بحالی میں مزید کتنا وقت لگ سکتا ہے اور کتنے وسائل درکار ہوں گے سردست کچھ نہیں کہا جاسکتا لیکن صوبے کی تاریخ کے اس بدترین طوفانی بادوباران اور سیلاب نے صوبے کے مجموعی انفراسٹرکچر کو بری طرح سے متاثر کیا ہے پورے صوبے میں قومی شاہراہیں، رابطہ سڑکیں، پل، ریلوے ٹریک، کھڑی فصلیں، باغات، لوگوں کے گھر بار بہہ چکے ہیں ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ متاثرین کی امداد و بحالی کی جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی اور وسعت لائی جائے وزیراعظم شہباز شریف اب تک متعدد اجلاس منعقد کر چکے ہیں انہوں نے اس عزم کا ظہار کیا ہے کہ متاثرین کی مکمل امداد و بحالی تک وہ چین سے نہیں بیٹھیں گے اسی طرح وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بھی وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا ہے کہ وہ صوبے کے متاثرہ علاقوں میں جاری امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں بلوچستان کے پاس اپنے وسائل کی کمی ہے اور بلوچستان حکومت چاہتے ہوئے بھی تمام متاثرین کی امداد و بحالی نہیں کرسکتی اس مقصد کے لئے وفاقی کی مدد معاونت اور سرپرستی شرط اول اور ناگزیر اقدام ہے اسی لئے تو بلوچستان اسمبلی نے بھی ایک قرارداد پاس کر کے وفاقی حکومت سے یہ سفارش کی ہے کہ صوبے کے متاثرہ علاقوں کے لئے خصوصی ریلیف پیکج کی منظوری دی جائے مجموعی طور پر دیکھا جائے تو اب تک وفاقی اور صوبائی حکومت نے ایک منٹ کے لئے بھی پیٹھ نہیں دکھائی وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی، تمام ضلعی افسران متاثرہ علاقوں کے ہنگامی دوروں پر ہیں وزراء اور اراکین اسمبلی بھی اپنے اپنے علاقوں میں ہیں ہمیں امید ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں متاثرین کی امداد و بحالی کی جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی اور وسعت لائیں گی اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گی جبکہ ساتھ ہی ساتھ تمام سیاسی جماعتوں، سول سوسائٹی، غیر سرکاری سماجی تنظیموں اور مخیّر حضرات کا فرض عین ہے کہ وہ نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں جہاں جہاں حالیہ بارشوں اور سیلابی ریلوں سے تباہی آئی ہے ان متاثرہ علاقوں میں امداد و بحالی کی جاری سرگرمیوں میں اپنا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 7


## بارش کی تباہ کاریاں

**تحریر: شیخ فرید**

مون سون کی بے وقت بارشوں نے جہاں مٹی کی تشنگی کو سیرابی سے ہمکنار کر دیا اور سبزہ کی روئیدگی میں اس قدر اضافہ ہوا کہ ہر سو ہریالی ہی ہریالی پھیل گئی۔

وادی بولان کے سرمئی پہاڑ سبزہ زاروں اور مرغزاروں میں بدل گئے جا بجا چشموں اور جھرنوں کے خوش کن خوشگوار مناظر دعوت نظارہ دیتے دکھائی دے رہے ہیں۔

مگر حالیہ مون سون بارشوں کا ایک افسوس ناک پہلو برسات کی تباہ کاریاں اور حادثات ہیں جن میں کئی انسانی زندگیاں لقمہ اجل ہو گئی ہیں۔

باوثوق ذرائع کے مطابق بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریاں جاری ہیں اب تک جاں بحق افراد کی تعداد 209 ہو گئی ہو چکی ہے بلوچستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارشوں اور سیلابی ریلوں کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مزید 6 اموات کی تصدیق کے بعد صوبے میں جاں بحق افراد کی تعداد 209 ہو گئی ہے۔

پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) پی ڈی ایم اے ( کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 6 مزید اموات کی تصدیق کے بعد صوبے میں یکم جون سے 16 اگست تک جاں بحق افراد کی تعداد 202 ہو گئی ہے۔

جاں بحق ہونے والوں میں 96 مرد 48 خواتین اور 58 بچے شامل ہیں، اموات بولان، کوئٹہ، ژوب، دکی، خضدار کوہلو، کیچ، مستونگ، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ پشین اور سبی میں ہوئی ہیں۔

پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق بارشوں کے دوران حادثات کا شکار ہو کر 81 افراد زخمی ہوئے جن میں 49 مرد 12 خواتین اور 20 بچے شامل ہیں۔

جبکہ پشین میں شدید بارشوں 7 افراد جان بحق ہونے کی اطلاع بھی ہے خبر یہ بھی ہے کہ پشین میں ایک ڈیم ٹوٹ گیا اور بڑی تعداد میں نقصانات کا خدشہ ہے

تازہ ترین اطلاعات کے مطابق

بلوچستان کا ملک بھر سے رابطہ منقطع ہو گیا ہے

دھانہ سر مکمل بند ہو گیا ہے

راستے کی بحالی میں 10، 12 دن لگے گیں۔ یہاں 13 کلومیٹر پہاڑ گر گیا ہے 3 گاڑیاں دبی ہوئی ہیں۔

کچھ لوگ جو تین گھنٹے پیدل چل کر ژوب کی طرف آئے وہ وہیں پر تھے۔

کوچ والوں نے سواریوں کو اتار دیا تھا اور آج بھی سواریوں کو لے گئے مانی خواہ شیرانی ہوٹلوں میں سب کچھ ختم ہو گیا فورٹ منرو کے بعد بھی ہیوی لینڈ سلائیڈنگ ہوئی ہے وہ بھی ایک ہفتہ تک کلئر ہوگا اگر بارش رک گئی تو راستہ کھلے گا

بارش بہت زیادہ ہے کوئٹہ سے دھانہ سر تک کل رات 2 بجے لینڈ سلائڈنگ ہوئی ہے

لیویز ایف سی نے بتایا کہ روڈ کھلنے کے کوئی امکانات نہیں ہیں۔

کوئٹہ، سکھر اور کراچی روڈ بھی بند ہے۔ حالیہ طوفانی بارشوں کے باعث بلوچستان غذائی قلت پیدا ہونے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے

بلوچستان میں مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان میں موسلادھار بارشوں کا سلسلہ 19 اگست تک جاری رہے گا۔

محکمہ موسمیات کے مطابق موسلادھار بادشوں کے باعث سندھ کے شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ اور نشیبی علاقے زیر آب آنے کا خدشہ ہے۔

محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ بارش کے باعث برساتی اور مقامی ندی نالوں میں طغیانی متوقع ہے جبکہ بلوچستان کے نشیبی علاقے بھی زیر آب آنے کا خدشہ ہے۔

اس وقت بلوچستان کا سندھ، خیبر پختونخواہ اور پنجاب سے زمینی راستہ منقطع ہونے کے سبب مسافر بسیں اور دیگر گاڑیاں واپس ہو گئی۔

حکومتی ذرائع کے مطابق راستوں کو کھولنے کیلئے اقدامات اٹھائیں جا رہے ہیں تاہم سر دست کوئٹہ کراچی شاہراہ، کوئٹہ ژوب، پنجاب اور خیبر پختونخوا جانے والے راستے مکمل طور پر بند ہیں۔

ذرائع نے خبر رساں آن لائن کو بتایا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ سیلابی ریلوں کی وجہ سے بند ہے جبکہ کوئٹہ ژوب شاہراہ دانہ سر کے مقام پر بڑے بڑے پتھروں اور لینڈ سلائڈنگ کی وجہ سے مکمل طور پر بند ہیں۔ بلوچستان سے دیگر علاقوں کو جانے والے مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ مسافروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مرکزی شاہراوں کو کھولنے کیلئے اقدامات کیے جائیں تا کہ مسافر اپنے اپنے علاقوں میں پہنچ سکے۔

لسبیلہ انتظامیہ نے کراچی کوئٹہ شاہراہ پر سفر سے گریز کرنے کی ہدایت جاری کی ہیں۔

وہاں اوستہ محمد شہر کے نزدیک پل بند ہونے سے سو فٹ سے زیادہ سیم شاخ میں شگاف پڑ گیا ہے۔ شگاف پڑنے سے شہر کے قریب علاقہ السکند ہوٹل، حاجی نیاز احمد عمرانی کے کوٹ، بلیدی قبائل کے 4 سے 5 گاں سمیت زور گڑھ واپڈا آفس گرڈ اسٹیشن کو ڈوبنے کا خطرہ ہے۔ جبکہ پانی شہر کی طرف بڑھنے لگا، یہ پانی متعدد رائس ملوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے۔ اس شگاف کی اسسٹنٹ کمشنر ساگر کمار نے بھی تصدیق کی لیکن سیم نالے کے پانی کو آگے زمیندار راستہ نہیں دے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مزید 6 افراد بارشوں اور سیلابی ریلوں کی نذر ہو گئے، بلوچستان کے مختلف علاقوں میں حالیہ بارشوں اوری سیلابی ریلوں کے باعث اموات کی تعداد 209 تک پہنچ گئی۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق بلوچستان میں مجموعی طور پر 22 ہزار 692 مکانا تکو نقصان پہنچا، 690 کلومیٹر پر مشتمل مختلف 6 شاہراہیں متاثر ہوئی ہیں۔ بارش اور سیلابی ریلوں سے 18 رابطہ پل ٹوٹ چکے ہیں۔ ایک لاکھ 7 ہزار 377 مال مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔

تاہم آزاد ذرائع کے مطابق اموات اور مالی نقصانات زیادہ ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 20


By Syed Abdul Hadi

# Reforming higher education of Balochistan

Balochistan is contributing 44% of land and 6% of Population in the total territory and people of Pakistan respectively.

The province is blessed with numerous natural resources and talented masses. Unfortunately, it is the least developed and crises ridden administrative unit due to continuous years of skirmishes, conflicts and neglect.

In this context, various conspiracy theories have also accelerated the already ridden state of uncertainty and under-development.

However, plentiful steps are taken to uplift and reform the deplorable condition of the province and bring it at par with other provinces.

In this scenario, the developmental process encompasses many departments of the province.

Among them, reforming Higher Education of Balochistan carries a prominent place. Historically, since the partition to 2002, Balochistan had only two public sector universities.

Today, the province managed to build and operate independent and versatile universities. The institutions also managed to establish thirteen campuses in various districts of Balochistan to help students of far-flung areas to equip themselves with the best of knowledge.

Generally, the higher education sector of Balochistan consists of universities and inter/degree colleges.

Universities seek guidance from HEC and approval from Provincial Assembly. On the other hand, colleges work under the umbrella of Government of Balochistan.

Colleges are further distributed into intermediate colleges, cadet colleges, residential colleges, technical and graduate colleges.

According to statistics, there are 5 residential colleges, seven cadet colleges, 49 graduate colleges and 86 intermediate colleges in the Province.

To improve the infrastructure and management, Higher Education Commission (HEC) has provided more than Rs 32 billion to the higher education sector of Balochistan till date.

Moreover, Balochistan Education Sector Plan 2020-2025 has planned to invest 21.10% of total education budget to higher education.

Apart from financial and administrative assistance, HEC has also contributed in awarding the scholarships to the people of Balochistan.

The scholarships compose of overseas and indigenous PhDs and graduate and undergraduate programmes.

In this context, total of 3,750 scholarships have been allotted, out of which 1937 have already been utilized by the students and teachers of Balochistan.

Moreover, the federal government has started fee imbursement schemes (PM Fee Reimbursement Scheme (PMFRS) and Ehsaas Scholarship Program) to lessen financial burden on poor students of the province.

And to equip the scholars with latest technology, the government has also initiated laptop distribution scheme for both graduate and undergraduate students.

On the other hand, Government of Balochistan has also introduced fee reimbursement arrangement under the umbrella of Balochistan Education Endowment Fund (BEEF).

Under such programmes, more than 30,000 students of Masters, MPhil and PhD have benefited from it.

HEC is also on the way to help the higher education sector of Balochistan in the fields of information Technology and innovation.

In this context, HEC has commenced a program under the name of Pakistan Education & Research Network.

The project intends to facilitate universities in arranging video conferencing, establishment of digital library, free Microsoft access and availability of free WiFi in all public sector universities.

The project also intends to extend such facilities to the respective sub-campuses of varsities.

In addition, HEC has also funded the construction of two study centres and one centre of excellence in the University of Balochistan.

While compiling the infinite services of HEC and GoB in developing the higher education of Balochistan, there is still a bottle-neck in the shape of weak primary educational base of students to achieve the desired goals in the said sector.

The primary and secondary education shows a miserable picture of poor literacy status, lack of facilities and out of school children.

In addition, lack of resourceful teachers and check and balance has weakened the overall output of the education sector.

Such state of misfortune has resulted in a fragile educational background of students. Ironically, they even fail to get the indigenous and foreign scholarships.

Therefore, such sectors need the focus of the government on a priority basis. Because an educated and empowered Balochistan will translate into prosperous and stable Pakistan.

**-The writer is research officer, Balochistan Think-Tank Network, based in Quetta.**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 AUG 2022 Page No. 8

# Magmatic Copper Gold porphyry the way forward

Reko Diq - one of the fifth largest porphyry of copper gold in the world. The magmatic belt is a 400km long and 140km wide segment of several thousand kilometers long. Reko Diq copper gold porphyry represented by a cluster of 18 economic and sub economic porphyry type copper and copper gold deposits developed within a radius of 10 square kilometers. The western porphyry deposits are known to be the most prospective and sustainable resource that contains huge tonnage of indicated resources 0.50 percent Copper and 0.29 gold. Pakistan imports about 100,000 tons of copper every year while the same metal being mined at Saindak is sent to China where it is smelted and refined as a finished product to be sold in the open market. The Saindak Copper-Gold Project was launched in 1992 by Saindak Metals Limited (SML), a public-sector entity. It was my first project on my return to Pakistan. As a professional, I tried best to save the project in larger national interests but it fell on deaf ears. As there was very limited large-scale commercial mining experience in the country it was a combination of mismanagement, incompetence, corruption and greed. For the last 20 years the ore has been crushed and ground and the valuable metals separated from the gangue through flotation, which is an established process. The concentrate is then shipped with all its valuables (copper, Gold, silver) to China. The multiple crosscutting igneous intrusions followed by late stage hydrothermal activities played a very important role in the development of copper-gold deposits at Reko Diq. Therefore it is essential to understand the geological history and relationship of all these events and developed a 4 dimensional genetic model of Reko Diq. The project is focused on the evolution of magmatic and hydrothermal history of Reko Diq H14 and H15 porphyry complexes. Both of these porphyry systems are genetically similar but there are fundamental variations that significantly control the ore grade mineralization and tenor of the deposit. The major objective of the said project is to address the variations between H14 and H15 and to extract other deposits which are unique and influencing the copper and gold deposits along with H7, H10, H12, H15, H27, H36, and H79. These deposits are found in abundance at Tanjeel, Bukit Pashir, Koh e Daleel, north Koh e Daleel and Sam Koh prospects.

Various other minerals are also found in abundance including alunite, bornite, chalcocite, chalcopyrite, covellite, cuprite, gypsum, hematite, jarosite, kaolinite, molybdite, pyrite and secricite. According to the geological investigation and laboratory researches based on multiple magmatic events, age of the deposits and geological evaluations, the timing of late stage hydrothermal alteration and deposition of copper and gold metals. The research conclusions and proposed genetic porphyry model would be utilized in the future exploration and mining programs not only in Reko Diq but throughout Chagai and other porphyry copper

Map for the country to reduce our import bill together with achieving self-reliance in this vital area. A fresh start has to be made. The Reko Diq volcanic complex hosts a cluster of eighteen porphyry centers within a NW trending, 10-long mineralized corridor bounded by the Drana Koh fault system to the north and Tuzgi fault to the south. The western porphyry complex at Reko Diq is linked to a distinct tectono magmatic event of middle-late Miocene (12.9-11.9 Ma) age, which formed four economic porphyry Cu deposits and remains the focus of this study. Porphyry of copper, silver and gold ore deposits in Reko Diq containing a global resource of 5,900 million metric tons 0.41 % Copper and 0.22 g/t silver. The Reko Diq western porphyry deposits are spatially and temporally associated with a series of medium K calc alkaline granodiorite and quartz-diorite intrusions forming H79, H15, H14 and H13 deposits, which are spatially distributed from north to south. The main ore-stage potassic alteration is typically associated with high temperature, hypersaline magmatic-hydrothermal fluids. Fluid inclusions with co-existing vapor and brine suggest a boiling phase of two immiscible fluids responsible for the copper ore precipitation.

The intensity of potassic alteration and Cu-Fe-sulfide mineralization decreases with the emplacement of late-mineral and late-barren stage quartz-diorite intrusions forming a low grade core in H15 and H14 porphyry deposits. The decline in Cu-Au grades with time is interpreted as a manifestation of the underlying magma chamber depleted in metals and volatiles. Without the involvement of local and expatriate experts the country will not move forward. Both China and India benefited from this available human resource while in the land of the pure it has been blatantly overlooked. Capitalism allows exploitation which has to be checked by neutral experts for the common public good. At the time of Saindak there was no large scale commercial mining experience in the country. Unfortunately we have not been able to exploit our potential in this vital area. While we continue to import steel and copper our deposits remain untapped. It is an example of the blind leading the blind which must end. Logistics and transportation of the ore from the remote Chagai district to the international markets will also be challenging. Ideally extensive railway networks are the best options to maximise gains from economies of scale, however as it stands an extensive fleet of trucks would be doing that job. Reko Diq. This is a unique opportunity for substantial foreign investment in the Balochistan province and will bring enormous direct and indirect benefits not only to this region but also to Pakistan for decades to come. In addition to local employment and skills development, local procurement, infrastructure upgrades and improved medical and education systems, Reko Diq could also be the springboard for further exploration and other mineral discoveries along the highly prospective Tethyan Metallogenic Belt. lauded the deal as a significant step forward in the construction and management of Reko Diq, and a credit to all parties' determination to work together to achieve a mutually advantageous solution in a collaborative spirit. Company has successfully partnered with host countries worldwide and our philosophy of sharing the economic benefits our mines generate equitably with core stakeholders is also evident in

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 AUG 2022 Page No.



کوئٹہ: قائمقام گورنر جان محمد جمالی سے چیئرمین ریڈ کریسنٹ شبیر بلوچ اور ڈاکٹر سعید الٰہی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی سے پرویز احمد سیاپاد ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی سے ڈی جی زراعت ایکسٹینشن علی رضا جمالی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو و دیگر سانحہ خوست شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



کوئٹہ: مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر ناصر و افسران ملاقات کر رہے ہیں



مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو پی ڈی ایم اے کے احتجاجی ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزراء انجینئر زمرک، نور محمد دمڑ و دیگر ہڑتالی اساتذہ سے مذاکرات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 AUG 2022

Page No.



ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن اورنگزیب کاسی انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ سبی کی زیر تعمیر عمارت کا معائنہ کررہے ہیں

## MASHRIQ QUETTA



ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن بلوچستان اورنگزیب کاسی انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ سبی کی زیر تعمیر عمارت کا معائنہ کررہے ہیں



محکمہ تعلقات عامہ کوئٹہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اجلاس کے شرکاء اظہار خیال کررہے ہیں

**ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن بلوچستان**
**کا سبی میں زیر تعمیر دفتر کا معائنہ**

سبی (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن بلوچستان اورنگزیب کاسی نے آج یہاں سبی میں محکمہ تعلقات عامہ کے زیر تعمیر نئی عمارت کا معائنہ کیا انہوں نے نئی........ بقیہ نمبر 49 صفحہ 10 پر

عمارت کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشن سبی سعید احمد شاہوانی نے انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عمارت کی کل تعمیر پر لاگت (m)22.5 روپے ہے جس پر کام کا آغاز جون 2020 میں شروع کیا گیا ہے اور یہ منصوبہ دو سال میں پایہ تکمیل کو پہنچے گا انہوں نے ڈائریکٹر جنرل کو بتایا کہ منصوبے کی توسیع اور باقی رہ جانے والے ترقیاتی کاموں کے لیے مزید فنڈ درکار ہوں گے۔

## INTEKHAB QUETTA



ڈی جی پی آر بلوچستان اورنگزیب کاسی انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ سبی کی زیر تعمیر عمارت کا معائنہ کررہے ہیں

# ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن کا سبی کی عمارت کا معائنہ

**منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں کردار ادا کریں گے' اورنگزیب کاسی**

سبی (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن بلوچستان اورنگزیب کاسی نے آج یہاں سبی میں محکمہ تعلقات عامہ کے زیر تعمیر نئی عمارت کا معائنہ کیا انہوں نے نئی عمارت کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشن سبی سعید احمد بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

شاہوانی نے انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عمارت کی کل تعمیر پر لاگت (m)22.5 روپے ہے جس پر کام کا آغاز جون 2020 میں شروع کیا گیا ہے اور یہ منصوبہ دو سال میں پایہ تکمیل کو پہنچے گا انہوں نے ڈائریکٹر جنرل کو بتایا کہ منصوبے کی توسیع اور باقی رہ جانے والے ترقیاتی کاموں کے لیے مزید فنڈ درکار ہوں گے ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن بلوچستان اورنگزیب کاسی نے یقین دہانی کروائی کہ وہ ذاتی دلچسپی لے کر اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے